**SET-2**

**Series : GBM/1/C**

کوڈ نمبر
**Code No. 251/1/2**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- برائے کرم چیک کیجیے کہ اس سوال کے پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات **7** ہیں۔
- سوال کے پرچہ کی داہنی طرف کوڈ نمبر لکھا ہوا ہے جو طلباء کو اپنی جواب کاپی کے اُوپر لکھنا ہے۔
- برائے مہربانی چیک کیجیے کہ سوال کے پرچہ میں **30** سوال ہیں۔
- **برائے مہربانی سوالکا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **7** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **30** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# معشیت

# ECONOMICS

## (Urdu Version)

حاصل وقت : **3** گھنٹے     بیش ترین کل نمبر : **100**

*Time allowed : **3** hours*     *Maximum marks : **100***

**عام ہدایات :**

*(i)* دونوں سیکشنوں کے **سبھی** سوال **لازمی** قسم کے ہیں۔

*(ii)* ہر سوال کے لئے مخصوص نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

*(iii)* سوال نمبر **1** سے **5** اور **16** سے **20** نمبر کے سوال بہت چھوٹے جوابوں والے اور **ایک ایک** نمبر کے ہیں۔ ان کے جواب فی سوال **ایک ایک** فقرہ میں دیئے جا سکتے ہیں۔

*(iv)* سوال نمبر **6** سے **8** اور **21** سے **23** نمبر کے سوال بھی چھوٹے جوابوں والے ہیں۔ ان کے جواب عام طور پر فی سوال **60** الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔ یہ سوال **تین تین** نمبروں کے ہیں۔

*(v)* سوال نمبر **9** سے **11** اور **24** سے **26** نمبر نمبر کے سوال بھی چھوٹے جوابوں والے ہیں۔ ان کے جواب عام طور پر فی سوال **70** الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔ یہ سوال **چار چار** نمبروں کے ہیں۔

*(vi)* سوال نمبر **12** سے **15** اور **27** سے **30** نمبر کے سوال فی سوال **چھ چھ** نمبروں کے ہیں۔ ان سوالوں کے جواب فی سوال عام طور پر **100** الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔

*(vii)* آپ کے فی سوال جواب مختصر اور صحیح ہونے چاہیئں اور مذکورہ بالا حد کے اندر ہوں۔

## سیکشن (الف)

1. پیداوار تفاعل کی تعریف کیجئے۔ **1**

2. ایک مکمل سابقتی فرم کو سامنا کرنا پڑتا ہے : (صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے)

(A) قائم قیمت
(B) قائم اوسط محاصل
(C) قائم حاشیائی محاصل
(D) مذکورہ بالا سب **1**

3. کس قسم کے بازار میں ایک فرم کو قیمت منظور کرنے والا کہا جاتا ہے ؟ **1**

4. کسی شے کو ادنیٰ شے کب کہا جاتا ہے ؟ **1**

5. اوسط محاصل کا مساوی ہے : (صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے)

(A) کل محاصل کو کل پیداوار سے تقسیم کرنا
(B) قیمت
(C) (A) اور (B) دونوں
(D) مذکورہ بالا میں سے کوئی نہیں۔ **1**

6. پیداوار امکانات خط بائیں سے دائیں طرف ڈھلواں کیوں ہوتا ہے؟ واضح کیجئے۔ 3

7. مثبت معاشیات اور معیاری معاشیات میں فرق واضح کیجئے۔ ہر ایک کی ایک ایک مثال دیجئے۔ 3

**یا**

جزوی معاشیات اور کلی معاشیات میں فرق واضح کیجئے۔ ہر ایک کی ایک ایک مثال دیجئے۔

8. جب ایک شے کی قیمت 20 فیصد گرتی ہے، تو اس شے کی مانگ 30 فیصد بڑھ جاتی ہے۔ مانگ کی قیمت لوچ کا حساب لگائیے۔ 3

9. حاشیائی لاگت اور حاشیائی محاصل طریقہ کار استعمال کرتے ہوئے پیداوار کی متوازن سطح کی پہچان کیجئے۔ اپنے جواب کے لئے وجہ بتائیے : 4

| قیمت (₹) | پیداوار (اکائی) | کل لاگت (₹) | حاشیائی لاگت (₹) |
|---|---|---|---|
| 10 | 1 | 10 | 10 |
| 10 | 2 | 19 | 9 |
| 10 | 3 | 26 | 7 |
| 10 | 4 | 36 | 10 |
| 10 | 5 | 48 | 12 |

**یا**

متغیرہ تناسب کے قانون کے تین مراحل کی پہچان کیجئے۔ وجہ بتائیے :

| متغیرہ مادخل (اکائی) | کل پیداوار (اکائی) |
|---|---|
| 1 | 5 |
| 2 | 11 |
| 3 | 15 |
| 4 | 17 |
| 5 | 15 |

10. ایک شے کی 'سپلائی' میں اضافہ کے لئے کنہیں دو وجوہات کو واضح کیجئے۔ 4

11. جب ہم کہتے ہیں کہ اجارہ دارانہ مسابقت میں غیر متجانس پیداوار ہوتا ہے، تو اس کا بازار پر کیا فرق پڑتا ہے ؟ واضح کیجئے۔ **4**

12. بجٹ لائن اور خط بے نیازی کی تعریف کیجئے۔ یہ بھی واضح کیجئے کہ دونوں بائیں سے دائیں طرف ڈھلواں کیوں ہوتی ہیں ؟ **6**

**یا**

(الف) بجٹ لائن خط مستقیم کیوں ہوتی ہے؟ واضح کیجئے۔

(ب) خط بے نیازی محدب کیوں ہوتی ہے؟ واضح کیجئے۔

13. یہ امید کی جاتی ہے کہ ایک چیز X پر موجودہ سبھی ٹیکسوں کی جگہ صرف مجوزہ ''اشیا اور خدمات ٹیکس' (GST) لگانے سے چیز X پر کل ٹیکس کافی کم ہو جائے گا۔ اس چیز X کی قیمت اور کمیت پر پڑنے والے سلسلہ وار اثرات کی وضاحت کیجئے۔ ڈائگرام کا استعمال کیجئے۔ **6**

**صرف نابینا امیدواروں کے لے سوال نمبر 13 کی جگہ پر :**

یہ امید کی جاتی ہے کہ شے X پر موجودہ سبھی ٹیکسوں کی جگہ پر صرف مجوزہ ''اشیا اور خدمات ٹیکس' (GST) لگانے سے شے X پر کل ٹیکس کافی کم ہو جائے گا۔ اس کے شے X کی قیمت اور کمیت پر پڑنے والے سلسلہ وار اثرات کی وضاحت کیجئے۔ جدول کا استعمال کیجئے۔

14. ایک کسان اپنی مالکانہ زمین پر صرف خاندان کے ممبران کی مدد سے کھیتی کرتا ہے۔ اس مقصد کے لئے کسان ادھار پیسہ لیتا ہے۔ اس میں راست پہچان کی جانے والی ظاہری لاگتیں اور مخفی لاگتیں بتایئے۔ اپنے جواب کے لئے وجہ بتایئے۔ **6**

15. ایک صارف صرف دو اشیاء X اور Y کا استعمال کرتا ہے۔ حاشیائی افادیت تجزیہ کے ذریعہ صارفین کے توازن کی شروں کی تشریح کیجئے۔ **6**

## سیکشن (ب)

16. مالیاتی خسارہ برابر ہوتا ہے : ( صحیح متبادل کا انتخاب کریں )

(A) ابتدائی خسارہ سود کی ادائگی کم کرکے

(B) ابتدائی خسارہ سود کی ادائگی جوڑکر

(C) کل بجٹ وصولیابیوں کو کم کرکے کل بجٹ اخراجات

(D) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں 1

17. سرکاری بجٹ میں محاصل وصولیابی کا کیا مطلب ہے ؟ 1

18. ہندوستان میں واقع ایک کمپنی بیرون ملک میں قائم ایک کمپنی سے ادھار لیتی ہے۔ ہندوستان کی ادائگی توازن کھاتے میں یہ مبادلہ کیسے درج کیا جاتا ہے ؟ ( صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے )

(A) چالو کھاتے کے کریڈٹ کی جانب میں

(B) چالو کھاتے کے ڈیبٹ کی جانب میں

(C) پونجی کھاتے کے کریڈٹ کی جانب میں

(D) پونجی کھاتے کے ڈیبٹ کی جانب میں 1

19. ہندوستان میں غیر ملکی سفارشیں ہندوستان کے : ( صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے )

(A) معاشی علاقے کا حصہ ہیں۔

(B) جغرافیائی علاقے کا حصہ ہیں۔

(C) (A) اور (B) دونوں کا حصہ ہیں۔

(D) مندرجہ بالا میں سے کسی کا بھی حصہ نہیں ہیں۔ 1

20. زری کل گھریلو پیداوار کا کیا مطلب ہے ؟ 1

21. ایک متغیر کے متوقع پیائش اور تعمیل پیائش کے درمیان فرق بتایئے۔ ان میں سے کون سی قومی آمدنی کی تعین کے اصول کی بنیاد ہے ؟ **3**

**یا**

اوسط صرف رجحان اور اوسط بچت رجحان کے درمیان فرق بتایئے۔ دونوں کے درمیان کیا تعلق ہے ؟

22. وجہ بتاتے ہوئے سمجھایئے کہ قومی آمدنی کے تخمینہ میں مندرجہ ذیل کے ساتھ کیا سلوک کیا جاتا ہے ؟

(i) ایک آدمی کے ذریعہ کار خریدنے کے لئے بینک سے لئے گئے قرض پر سود کی ادائگی۔

(ii) پیداوار اکائی میں مشین خریدنے پر خرچ **3**

23. اگر حاشیائی صرف رجحان 0.8 ہو، تو سرمایہ کاری ضارب کی قیمت کیا ہوگی ؟ حساب لگایئے۔ **3**

24. مان لیجیے کہ تمباکو کے صرف پر پابندی عائد کر دی جاتی ہے۔ اس کا (الف) کل گھریلو پیداوار اور (ب) رفاح پر پڑنے والے امکانی اثرات کی وضاحت کیجئے۔ **4**

**یا**

آمدنی کی تقسیم میں غیر مساواتوں میں اضافے سے سماجی فلاح و بہبود پر کیا اثر پڑتا ہے ؟ واضح کیجیے۔

25. اگر قانونی محفوظہ تناسب 0.1 ہو اور نئے جمع ₹ 10,000 ہو، تو کمرشیل بینکوں کے ذریعہ جمع تخلیق کا عمل بیان کیجئے۔ **4**

26. زر رسد کو بڑھانے میں نقد محفوظہ تناسب (CRR) کے کردار کی وضاحت کیجئے۔ **4**

27. 'اُجول یوجنا' کے تحت سرکار خط اخلاص کے نیچے رہنے والے خاندانوں کو مفت ایل پی جی رسوئی گیس کنکشن فراہم کر رہی ہے۔ سرکاری بجٹ کے ذریعہ سرکار کون سا مقصد پورا کرنے کی کوشش کر رہی ہے اور کیسے ؟ واضح کیجئے۔ **6**

**یا**

واضح کیجئے کہ کس طرح سرکاری بجٹ میں ٹیکس، اخراجات اور سبسڈی کے ذریعہ وسائل کی تقسیم کو متاثر کیا جا سکتا ہے ؟

28. غیر ملکی زر کی مانگ کے تین ذرائع اور اس کی سپلائی کے تین ذرائع کی وضاحت کیجئے۔ **6**

29. کل مانگ اور کل رسد طریقہ کا استعمال کرتے ہوئے قومی آمدنی کی توازنی سطح کی تعین کو واضح کیجئے۔ ڈائگرام کا استعمال کیجئے۔ یہ بھی بتائیے کہ اگر کل مانگ کل رسد سے کم ہو تو اس کا کیا اثر ہوگا ؟ **6**

**صرف نابینا امیدواروں کے لئے سوال نمبر 29 کی جگہ پر :**

کل مانگ اور کل رسد کا کیا مطلب ہے ؟ اگر کل مانگ اور کل رسد کا رویہ دیا گیا ہو، تو ایک معشیت کب متوازن ہوگی ؟ اگر کل مانگ کل رسد سے کم ہو تو کیا اثر ہوگا ؟ سمجھائیے۔ **6**

30. (الف) نجی آمدنی اور (ب) عامل لاگت پر خالص گھریلو پیداوار کی تحسیب کیجئے : **6**

**(₹ کروڑ میں)**

| | | |
|---|---|---|
| (i) | سرکاری انتظامی شعبوں کی جائداد اور جرأت کاری حاصل آمدنی | 35 |
| (ii) | ذاتی قابل صرف آمدنی | 500 |
| (iii) | قومی قرض پر سود | 20 |
| (iv) | غیر شعبہ جاتی انٹرپرائزز کی بچت | 25 |
| (v) | افراد پر راست ٹیکس | 100 |
| (vi) | غیر ممالک سے حاصل خالص چالو منتقلی | (–) 10 |
| (vii) | غیر ممالک کو خالص عامل آمدنی | 10 |
| (viii) | کارپوریٹ منافع ٹیکس | 60 |
| (ix) | سرکار کے ذریعہ چالو منتقلی | 30 |
| (x) | نجی کارپوریٹ سیکٹر کی آمدنی | 40 |